تشریح سے ہٹ کر عذاب قبر کی الگ تعبیر کرنا گمراہی ہے۔

۱۱۶ صفحات کے اس کتابچہ پر قیمت درج نہیں اور اسے جامعہ اسلامیہ، کشمیر روڈ، راولپنڈی صدر سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

ماہنامہ آب حیات لاہور

مولانا محمود الرشید حدوٹی کا تعلق جامعہ اشرفیہ لاہور سے ہے اور دینی حلقوں میں ایک معروف صاحب قلم کے طور پر متعارف ہیں۔ مختلف اخبارات وجرائد میں ان کے مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں جو ان کے مخصوص تحقیقی ذوق کے آئینہ دار ہیں۔ اب انہوں نے ماہنامہ ''آب حیات'' کے نام سے ایک ماہوار جریدہ کا آغاز کیا ہے جو دینی صحافت میں ایک اچھا اضافہ ہے۔ اس وقت جولائی ۲۰۰۱ء کا شمارہ ہمارے سامنے ہے جو معلوماتی اور تجزیاتی مضامین پر مشتمل ہے۔

۴۸ صفحات کے اس رسالہ کی قیمت ۱۰ روپے جبکہ سالانہ زر خریداری ۱۰۰ روپے ہے۔ خط وکتابت کا پتہ یہ ہے:

مولانا محمود الرشید حدوٹی، جامعہ اشرفیہ، مسلم ٹاؤن، فیروز پور روڈ، لاہور

سہ ماہی ''ایقاظ'' لاہور

لاہور سے شائع ہونے والے نئے سہ ماہی مجلہ ''ایقاظ'' کی پہلی جلد کے تین شمارے ۲، ۳، ۴ اس وقت ہمارے سامنے ہیں۔ یہ مجلہ جناب حامد محمود کی زیر ادارت شائع ہو رہا ہے اور اس کے مضامین کا زیادہ حصہ مجلہ کے نام کی مناسبت سے فکری وعلمی موضوعات پر بیداری کے رجحانات کا آئینہ دار ہے۔ عالم اسلام میں دینی بیداری کا فروغ، استعماری غلبہ سے نجات، استعمار کے آلہ کار حکمران طبقوں سے گلو خلاصی اور عصر حاضر کی ضروریات کے مطابق اسلامی عقائد کی تعبیر وتشریح ہر اس فکری وعلمی حلقہ کے بنیادی موضوعات ہیں جو اس میدان میں مصروف کار ہے اور ''ایقاظ'' کا فکری وعلمی دائرہ کار بھی ان شماروں سے یہی محسوس ہو رہا ہے جس پر عرب ممالک کی اس سلفی تحریک کی چھاپ نمایاں نظر آ رہی ہے جو مختلف ممالک میں مذکورہ بالا مقاصد کے لیے اپنے مخصوص ذوق کے تحت کام کر رہی ہے۔

عقائد کی تعبیر وتشریح میں نقطہ نظر کا اختلاف ایک طبعی امر ہے اور اگر اسے باہمی برداشت اور احترام کے ماحول میں ایک دوسرے کے خلاف فتویٰ بازی سے گریز کرتے ہوئے آگے بڑھایا جائے تو نظریات وافکار کا یہ تنوع امت کے لیے باعث رحمت بھی ہے۔ اس لیے ہم اس توقع کے ساتھ دینی صحافت میں اس نئے فکری جریدہ کا خیر مقدم کرتے ہیں کہ یہ جریدہ مذکورہ بالا موضوعات وعنوانات کے حوالے سے بحث ومباحثہ کو علمی انداز میں مثبت طور پر